تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May 02, 2023

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ اور آئی ایس بی نے 'جنگل معیشت' کے فروغ کے لیے ایک اہم مفاہمت نامے پر دستخط کیے

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے، اے جے کے ماس کمیونی کیشن رسرچ سینٹر (اے جے کے ایم سی آر سی) نے انڈین اسکول آف بزنس (آئی ایس بی) کے رسرچ انسٹی ٹیوٹ بھارتی انسٹی ٹیوٹ آف پبلک پالیسی (بی آئی پی پی) کے ساتھ 'جنگل معیشت' کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم مفاہمت نامے پر دستخط کیا ہے۔اس سمجھوتے کے تحت جنگل میں آباد لوگوں کو اپنی مصنوعات جو کہ ان کا بنیادی ذریعہ معاش ہیں ان کی خرید وفروخت کے طور طریقوں کے متعلق اہم معلومات دینے کے لیے دونوں ادارے ساتھ میں کام کریں گے۔مختلف ماس میڈیا تکنیکوں اور پروگراموں کے توسط سے جنگل میں سکونت پزیر لوگوں کو معلومات فراہم کرائی جائیں گی۔

کمیونٹی فاریسٹ ریسورس رائٹس (سی ایف آر) اور خواتین کی قیادت والے کاروبار کے اردگرد رہنے والی پائے دار جنگل معیشت کی آئی ایس بی کی بڑی مہم کے کامیاب نفاذ کے لیے یہ مفاہمت نامہ علمی اور معلومات کے فروغ پر مرکوز ہوگا۔

پروفیسر نجمہ اختر شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اس موقع پر اپنی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ'پائے دار ترقی کے حصول کی راہ میں ایک مثبت قدم ہے۔مفاہمت نامے پر دستخط ہونے سے یونیورسٹی کے دیگر شعبہ جات اور آئی ایس بی کے درمیان مزید اشتراکات کی راہیں بھی ہموار ہوں گے۔''

مفاہمت نامے کی روح سے ہم آہنگ آئی ایس بی۔بی آئی پی پی کے ایکزیکیٹو ڈائریکٹر پروفیسر اشونی چھاترے نے کہا کہ''داستان گوئی اور قصہ سرائی میں نشاۃ ثانیہ کا وقت ہے، انھوں نے پائے دار ترقی کی راہ میں قومی اور بین الاقوامی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے طلبا کے ساتھ پائے دار جنگل معیشت کے وژن سے متعلق بات کی۔اس اشتراک سے طلبا، معلومات اور تجربات سے آراستہ ہوں گے اور جنگل کو مواقع کی جگہیں بنانے کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لیے وہ تبدیلی کے سفیر ہوں گے۔

مفاہمت نامے کے حصے کے طور پر دونوں ادارے تحقیق، تعلیمی پروگرام، تدریس، آموزشی مواد اور اپنی تعلیمی اور تحقیقی پروگرام سے متعلق دیگر ادب کو بھی آپس میں ساجھا کرنے کے لیے مل کر کام کریں گے۔دونوں ہی ادارے باہمی دلچسپی کے امور

سے متعلق موضوعات پر کم مدتی تعلیمی پروگرام منعقد کریں گے اوران میں اپنے یہاں کے فیکلٹی اراکین کو شرکت کے لیے مدعو کریں گے۔

دونوں ادارے باہمی دلچسپی کے موضوعات پر مشترکہ طور پر سمینار، کانفرنس اور ورکشاپ منعقد کریں گے اورایک دوسرے کے فیکلٹی اراکین کوان میں مدعو کریں گے۔

دونوں ہی ادارے فینانس کرنے والی ایجنسیوں کے اسپانسرڈ پروجیکٹوں میں مشترکہ طور پر تحقیق اور تربیتی پروگراموں کی تجویز رکھیں گے اوران میں شامل ہوں گے اوران میں ایک دوسرے کے فیکلٹی اراکین کو مدعو کریں گے اور تعلیم و تحقیق کے مقصد سے انڈرگریجویٹ اورگریجویٹ اور پی ایچ ڈی طلبا کو محدود وقت کے لیے بلائیں گے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی